

NYC Department of Education

# کنڈر گارٹن واقفیتی رہنما کتابچہ

## خزاں 2023 میں کنڈرگارٹن میں داخل ہونے والے معذوری کے حامل طلبا کے اہل خانہ کے لیے

Department of Education

عزیزی اہلِ خانہ،

پری اسکول سے کنڈرگارٹن میں جانا آپکے بچے کی زندگی میں ایک پُرلطف نئے دور کے آغاز کی نشاندہی کرتا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ اس منتقلی سے متعلق آپکے سوالات ہوسکتے ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ ان میں سے متعدد کے جوابات اس کتابچے میں دیئے جائیں گے۔ یہ کنڈرگارٹن واقفیتی رہنما کتابچہ اس خزاں میں کنڈرگارٹن میں داخل ہونے والے معذوری کے حامل طلبا کے اہل خانہ کو معلومات فراہم کرتا ہے۔

ہم آپ کو ہمارے کنڈرگارٹن واقفیتی اجلاسوں میں بھی شرکت کرنے کی دعوت دیتے ہیں، جس میں ہم:

- کنڈرگارٹن میں درخواست دینے کے بارے میں معلومات فراہم کریں گے (کنڈرگارٹن داخلہ طریقِ کار)
- 5 سال کا ہونا (Turning 5) طریقِ کار کی وضاحت کریں گے
- اسکول کی عمر کے طلبا کو فراہم کی جانے والی خاص تعلیم خدمات کی وضاحت کریں گے
- آپ کے کسی بھی دیگر سوالات کے جواب دیں گے

اگر آپ کنڈرگارٹن کے واقفیتی اجلاس میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو مزید معلومات کے لیے براہِ کرم 718-935-2013 پر کال کریں یا ہماری ویب سائٹ پر شیڈول ملاحظہ کریں: **https://www.schools.nyc.gov/calendar**.

نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں خاص تعلیم کے بارے میں معلومات کے لیے، براہِ مہربانی ہمارا ذیل پر دستیاب **خاص تعلیم اسکول کی عمر کے لیے خدمات کا رہنما کتابچہ برائے اہل خانہ** آن لائن **https://www.schools.nyc.gov/special-education/preschool-to-age-21/special-education-in-nyc** پر ملاحظہ کریں:

ہم اپنے طلبا کو کامیابی کے قابل بنانے کے لیے خاندانوں کے ساتھ ملکر کام کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ہمارا عملہ آپکے سوالات کے جواب دینے کے لیے دستیاب ہوگا اور آنے والے تعلیمی سال کے لیے باہم ملکر منصوبہ بندی کرنے میں معاونت فراہم کریگا۔ ہم کنڈرگارٹن میں آپ کے بچے کی منتقلی کو ہموار اور کامیاب بنانے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرنے کے متمنی ہیں!

پُرخلوص،

Christina Foti
تدریس کی نائب افسرِ اعلی
شعبہ برائے متخصص تدریس اور طالبانہ معاونت
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم تدریسی افسر





# مندرجات


**مندرجات** ........ 3

**نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں خاص تعلیم** ........ 4

**کنڈرگارٹن کے لیے تیاری:** دو **طریقِ کار** ........ 5

**کنڈرگارٹن میں درخواست دینا** ........ 6

**5 سال کا ہونا (Turning 5) طریقِ کار** ........ 9

**ضلع 1-32 اسکولوں میں خاص تعلیمی خدمات** ........ 15

**ضلع 1-32 اسکولوں میں متخصص پروگرامز** ........ 16

**ضلع 75** ........ 18

**متعلقہ خدمات** ........ 19

**دیگر پروگرام اور خدمات** ........ 20

**تقرری کے لیے دیگر تجاویز** ........ 21

**پری اسکول سے منتقلی کے دوران والدین کے حقوق** ........ 22

**مدد کیسے حاصل کی جائے** ........ 24

**ضمیمہ A:** معذوری کی درجہ بندیاں ........ 25

**ضمیمہ B:** ویب سائٹس اور رابطہ معلومات ........ 26

# نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں خاص تعلیم





ہم اسے یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ تمام معذوری کے حامل طلبا کو:

- مسابقت طلب کلاسوں تک رسائی حاصل ہو اور انہیں مناسب اعلٰی تعلیمی معیارات پر پرکھا جائے
- جتنا زیادہ ممکن ہو بغیر معذوری کے طلبا کے ساتھ کلاسوں میں تعلیم دی جائے
- ان کی کامیابی کے لیے درکار اعانتوں کو موصول کرتے ہوئے جتنا ممکن ہو، اپنے زون اسکولوں یا اپنی پسند کے اسکول میں شرکت کرنے کے قابل ہوں

تمام معذوری کے حامل طلبا جنہیں خاص تعلیمی خدمات کی ضرورت ہے انکے پاس انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) ہیں۔ ایک ٹیم کے ذریعے IEP تشکیل دیا جاتا ہے جس میں آپ، والدین شامل ہوتے ہیں۔ اس میں آپ کے بچے کی دلچسپیوں، تقویتوں اور ضروریات کی معلومات درج ہوتی ہیں۔ IEP تعلیمی سال کے لیے اہداف کی نشاندہی بھی کرے گا اور خاص تعلیم پروگراموں اور متعلقہ خدمات کی وضاحت کرے گا جو آپکے بچے کو ان اہداف کی تکمیل میں مدد دینے کے لیے فراہم کی جائیں گی۔

خاص تعلیم ایک "کلاس" یا ایک "مقام" نہیں ہے۔ خاص تعلیم معاونتوں اور خدمات کے ایک وسیع سلسلے کی وضاحت کرتی ہے:

- ایک IEP میں اسکول دن کے مختلف حصوں میں مختلف نوعیت کی کلاسیں اور خدمات شامل ہوسکتی ہیں۔
  - مثلاً، ایک طالب علم جسے مطالعے میں اضافی مدد درکار ہے وہ ایک چھوٹی کلاس کی ترتیب میں مطالعے کی تدریس موصول کرسکتا ہے اور باقی دن وہ عام تعلیم کلاس میں گزار کرسکتا ہے۔
- ایک IEP میں کلاس روم کے اندر فراہم کی جانے والی خدمات شامل ہوسکتی ہیں۔
  - مثلاً، ایک گویائی معالج کلاس میں سبق کے دوران ایک طالب علم کے ساتھ کام کر سکتا ہے۔
- ایک IEP میں کسی مختلف مقام پر خدمات کی فراہمی شامل ہو سکتی ہے۔
  - مثلاً، ایک رہنما مشیر اپنے دفتر میں ایک طالب علم کے ساتھ کام کر سکتا ہے۔

ہر بچے کی مخصوص ضروریات پوری کرنے کے لیے تشکیل کردہ منصوبوں کے ساتھ، اسکول معذوری کے حامل طلبا کو عام تعلیمی اسکول کورسز تک جتنا ممکن ہو رسائی فراہم کرسکتے ہیں۔

# کنڈرگارٹن کے لیے تیاری: دو طریقِ کار

اس سال پانچ سال کی عمر کا ہونے والے نیو یارک شہر کے تمام بچوں کے خاندانوں کو ایک اسکول کی پیشکش موصول کرنے کے لیے کنڈر گارٹن میں درخواست دینی چاہیئے۔ "کنڈرگارٹن داخلوں" کا عمل آپ کے لیے اسکول (اسکولوں) کے بارے میں اپنی ترجیحات کا اظہار کرنے کا موقع ہے جس میں آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ شرکت کرے (اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے کہ زیادہ تر بچے اپنے زون کے اسکولوں میں جاتے ہیں)۔

ایک نئے کنڈرگارٹن طالب علم کے خاندان کے طور پر جس کو خاص تعلیمی خدمات کی ضرورت ہوسکتی ہے، آپ "5 سال کا ہونے کے طریق کار" (Turning 5) میں بھی حصہ لیں گے۔ اس طریقِ کار کے ذریعے، آپ کے بچے کی IEP ٹیم یہ تعین کرے گی کہ آیا انہیں کنڈرگارٹن میں خاص تعلیم درکار ہے، اور اگر ایسا ہے، وہ خدمات کیا ہونگی۔ کنڈرگارٹن کے کئی بچے جنہیں خاص تعلیم خدمات کی ضرورت ہوتی ہے انہیں یہ خدمات اس اسکول میں ملتی ہیں جو ان کو کنڈرگارٹن داخلہ طریقِ کار کے ذریعے پیش کیا گیا تھا۔

| **کنڈرگارٹن داخلے**<br>**(کنڈرگارٹن کے لیے درخواست دینا)** | **5 سال کا ہونا**<br>**(خاص تعلیم خدمات اور معاونتوں کا تعین)** |
|---|---|
| **قدم 1:** وسط خزاں سے لے کر موسمِ سرما کے اوائل تک، آپ کو اپنے کنڈرگارٹن انتخابات کی چھان بین کرنی چاہیئے۔ (صفحہ 6 ملاحظہ کریں) | **قدم 1:** 5 سال کا ہونا طریقِ کار کا آغاز اس وقت ہوتا ہے جب IEP ٹیم آپ سے رابطہ کرتی ہے۔ پورے طریقِ کار کے دوران، آپ متعدد مختلف دستاویزات موصول کریں جن کو ماقبل تحریری نوٹس (PWNs) کہا جاتا ہے۔ آغاز کرنے کے لیے، آپ کی IEP ٹیم آپ کے ساتھ "تجاویز کا نوٹس" عنوان کے ساتھ ایک PWN کا اشتراک کرے گی۔ (صفحہ 9 ملاحظہ کریں) |
| **قدم 2:** موسمِ سرما میں، آپ کنڈرگارٹن کے لیے **درخواست دینے کا** آغاز کر سکتے ہیں۔ آخری تاریخ تک ایک درخواست جمع کروانا یقینی بنائیں۔ (صفحہ 6 ملاحظہ کریں) | **قدم 2:** اگر ضروری ہوا، آپ کے بچے کی مکرر تشخیص کی جا سکتی ہے۔ (صفحہ 10 ملاحظہ کریں) |
| **قدم 3:** اگر آپ نے کنڈرگارٹن کے لیے درخواست دی ہے اور آخری تاریخ سے پہلے اپنی درخواست جمع کروا دی ہے، آپ موسمِ بہار میں ایک **پیشکش کا خط** موصول کریں گے۔ (صفحہ 7 ملاحظہ کریں) | **قدم 3:** اگر آپ کے بچے کی طبی ضروریات ہیں، آپ کو IEP اجلاس سے قبل اپنی IEP ٹیم کے پاس طبی فارمز جمع کرانے چاہئیں۔ (صفحہ 10 ملاحظہ کریں) |
| **قدم 4**: جب آپ کو ایک پیشکش کا خط موصول ہو جائے، اس کے بعد آپ اپنے بچے کا اسکول میں **اندراج** کروا سکتے ہیں (موسمِ بہار کے اوائل سے آخر تک)۔ (صفحہ 7 ملاحظہ کریں) | **قدم 4:** آپ ایک کنڈرگارٹن IEP اجلاس میں آئیں گے۔ اجلاس مارچ سے اگست کے آخر تک منعقد ہونگے۔ آپ کے لیے اجلاس کے وقت کا انحصار اس پر ہے کہ آپ نے کب 5 سال کا ہونے کی کارروائی شروع کی۔ (صفحہ 11 ملاحظہ کریں) |
| | **قدم 5:** اگر آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن میں خاص تعلیم خدمات درکار ہیں، آپ کو ایک سبز (گرین) **اسکول کے مقام کا خط موصول ہوگا۔** آپ کو یہ خط تعلیمی سال کے آخر سے اگست کے آخر تک موصول ہوگا، اسکا انحصار اس پر ہے کہ آپ نے 5 سال کا ہونے کے طریقِ کار کا آغاز کب کیا تھا۔ (صفحہ 13 ملاحظہ کریں ) |

اگر آپ کنڈرگارٹن میں درخواست دیتے ہیں، آپ کو **اسکول کے مقام کے سبز خط** میں جو پیشکش موصول ہو گی وہ وہی اسکول ہوگا جو آپ کے **پیشکش کے خط** میں درج تھا (بجز اسکے کہ آپ کے بچے کو NYC DOE کے خاص اسکول (ضلع 75) کے لیے اسکے IEP میں تجویز کیا گیا ہو یا آپ کے بچے کو ایک خاص پروگرام میں قبول کر لیا گیا ہو۔ (صفحات 17–15 ملاحظہ کریں)۔ اگر آپ کنڈرگارٹن میں درخواست نہیں دیتے ہیں، آپ کو ایک **پیشکش کا خط** موصول نہیں ہو گا، لیکن آپ کے بچے کو پھر بھی اسکے IEP اجلاس کے بعد ایک اسکول میں تقرری موصول ہو جائے گی۔

# کنڈرگارٹن میں درخواست دینا

بچے اس کیلنڈر سال میں کنڈرگارٹن میں داخلے کے اہل ہوتے ہیں جس میں وہ 5 سال کے ہوجاتے ہیں۔ اہل خانہ کو اسکول کے انتخابات کے بارے میں موسمِ خزاں میں سوچنا شروع کر دینا چاہیئے اور اسکول کی ایک پیشکش موصول کرنے کے لیے کنڈرگارٹن داخلوں میں موسمِ سرما میں حصہ لینا چاہیئے۔ "کنڈرگارٹن داخلے" "پانچ سال کا ہونا" کے طریقِ کار سے الگ ہے۔ **معذوری کے حامل طلبا کو کنڈرگارٹن داخلہ کارروائی اور پانچ سال کا ہونے کی کارروائی دونوں میں حصہ لینا چاہئیے۔**

وہ تمام خاندان جن کے بچے 5 سال کے ہونے والے ہیں بشمول جن کے پاس IEP ہے، انکی کنڈرگارٹن میں درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ ایک درخواست جمع کروانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ وہ خاندان جنہوں نے کنڈر گارٹن کی ایک عام درخواست جمع کرائی ہے، انہیں صرف اسکول کے داخلوں کی ترجیحات کی بنیاد پر ایک پیشکش موصول ہو گی۔ یہ درخواست IEP پر دی گئی خدمات کو زیر غور نہیں لاتی۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کی درخواست پر اسکولوں کے لیے آپ کو وہی ترجیح ہو گی جو ایک بغیر IEP کے طالب علم کو ہوتی ہے۔

اگر IEP کارروائی کے اختتام پر آپ کو ایک خاص پروگرام کی تجویز دی جاتی ہے، آپ اس عام درخواست کے ذریعے ملی ہوئی پیشکش کو نظر انداز کر سکتے ہیں۔ اس کے بجائے، آپ 5 سال کا ہونے کی کارروائی کے ذریعے ایک حتمی تقرری موصول کریں گے۔ البتہ، اگر آپ درخواست جمع نہیں کراتے ہیں اور آپ کو با لآخر ایک کمیونٹی اسکول کی ترتیب کی تجویز کی جاتی ہے، آپ ایک ترجیحی اسکول میں جانے کا موقع کھو سکتے ہیں۔ سب سے پہلے، کنڈرگارٹن کے داخلے کے طریقِ کار کی وضاحت ذیل میں کی گئی ہے۔ اس کے بعد 5 سال کا ہونے کی کارروائی کی تفصیلات پر بات کی جائے گی۔

## کنڈرگارٹن داخلے

کنڈرگارٹن کی پیشکشیں کسی بھی اسکول میں داخلے کے قوائد کی بنیاد پر ہوتی ہیں۔ زیادہ تر اسکولوں کے اردگرد کے علاقے کو انکا "زون" کہا جاتا ہے۔ اگر آپ اس علاقے میں رہتے ہیں، تو وہ اسکول آپکا "زون اسکول" ہے۔ اپنا زون اسکول اور ضلع تلاش کرنے کے لیے، 311 سے رابطہ کریں یا ہماری ویب سائٹ پر جائیں: **schools.nyc.gov/find-a-school**. بہت ممکن ہے کہ کنڈرگارٹن کے لیے بچے اپنے زون اسکول میں ہی جائیں گے — یہ معذوری کے حامل طلبا کے لیے بھی سچ ہے۔

تمام خاندان جو آخری تاریخ تک ایک درخواست جمع کروا دیں گے وہ ایک پیشکش کا خط موصول کریں گے۔

**اپنے انتخابات کی تحقیق کریں** ← **درخواست دیں** ← **پیشکش خط موصول کریں** ← **رجسٹر کروائیں**

## اپنے انتخابات کی تحقیق کریں

ہماری کنڈرگارٹن ویب سائٹ **schools.nyc.gov/Kindergarten** پر جائیں اور درخواست کے طریقِ کار اور اس بارے میں جانیں کہ پیشکشیں کیسے کی جاتی ہیں۔ اسکول کی تحقیق کرنے کے لیے **myschools.nyc** پر جائیں

## درخواست دیں

آپ موسمِ سرما میں اپنے زون اسکول میں اور اپنی دلچسپی کے دیگر کسی بھی اسکولوں میں درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کو درخواست دینے سے قبل اپنے بچے کےIEP مکمل ہونے کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ کنڈرگارٹن داخلے کے فیصلوں میں IEP کو زیر غور نہیں لایا جاتا۔

کنڈرگارٹن درخواست جمع کرانے کے تین طریقے ہیں:

- ذیل پر، آن لائن **myschools.nyc**
- بذریعہ فون 718-935-2009 پر فون کرکے۔
- ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں پیر سے جمعرات تک صبح 8 تا شام 5 بجے تک اور جمعہ کو صبح 8 سے سہ پہر 3 بجے تک رابطہ کر کے (معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کریں یا ذیل پر جائیں: **schools.nyc.gov/welcomecenters**)



یہ درخواست آن لائن اور بالمشافہ، دس زبانوں میں دستیاب ہے۔ فون پر ترجمانی 200 سے زیادہ زبانوں میں دستیاب ہے۔ کنڈرگارٹن میں درخواست دینے کے بارے میں اضافی معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/Kindergarten** ملاحظہ کریں یا 718-935-2009 پر رابطہ کریں۔ کنڈرگارٹن داخلوں کی تازہ ترین ای میل معلومات موصول کرنے کے لیے **schools.nyc.gov/Sign-Up** پر سائن اپ کریں۔

## ایک پیشکش موصول کریں اور اندراج کرائیں

تمام خاندان جو آخری تاریخ تک کنڈرگارٹن میں ایک درخواست دے دیتے ہیں وہ موسمِ بہار میں ایک پیشکش اور اس اسکول میں اندراج کروانے کی معلومات موصول کریں گے۔ طلبا کو کسی بھی ایسے اسکول کی منتظرین کی فہرست میں خود بخود درج کر دیا جاتا ہے جن کو انہوں نے اس طریقِ کار کے ذریعے پیش کیے جانے والے اسکول سے اونچے درجے پر درج کیا تھا۔

جب آپ اپنی پیشکش موصول کریں، آپ **myschools.nyc** کو اپنی پیشکش آن لائن قبول کرنے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔ آپ اس اسکول سے براہ راست رابطہ بھی کر سکتے ہیں یا 718-935-2009 پر فون کر کے اپنی پیشکش قبول کر سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ آپ پیشکش قبول کر لیتے ہیں، آپ کو اس اسکول سے ابتدائی اندراج کرانے کے لیے ایک وقت ملاقات لینے کی ضرورت ہے۔

**توجہ**: گو کہ آپ اپنے بچے کا اس اسکول میں ابتدائی اندراج کرواتے ہیں جہاں سے آپ نے پیشکش موصول کی ہے، آپ پھر بھی ایک اور اسکول کی منتظرین کی فہرست سے بھی پیشکش موصول اور قبول کر سکتے ہیں۔ آپ کو اپنے پیشکش کے خط میں درج کردہ دستاویزات کو ابتدائی اندراج کے دورانیے کے دوران ساتھ لانے کی ضرورت ہے۔ آپ کو ابتدائی اندراج کروانے سے قبل اپنے بچے کے IEP کا مکمل ہونے کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ درحقیقت، IEPs والے بیشتر طلبا اسھی اسکول میں جاتے ہیں جو وہ داخلہ طریقِ کار کے ذریعے موصول کرتے ہیں، اس لئے ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ کنڈرگارٹن داخلہ طریقِ کار کے ذریعے پیش کردہ اسکول میں ضرور ابتدائی اندراج کروائیں۔

اگر آپ اپنی پیشکش قبول نہیں کرتے اور اندراج نہیں کرواتے ہیں تو ہوسکتا ہے آپ اس اسکول میں اپنی نشست گنوا دیں۔

## قابل رسائی اسکولوں کے بارے میں اطلاع

کچھ اسکول عمارتیں رسائی کی ضروریات کے حامل طلبا کے لیے قابل رسائی ہو سکتی ہیں۔ قابل رسائی اسکولوں کی ایک فہرست کے لیے کنڈرگارٹن ڈائریکٹری کا جائزہ لیں یا 311 سے رابطہ کریں یا ہماری ذیل **ویب سائٹ** پر جائیں: **.https://www.schools.nyc.gov/school-life/buildings/building-accessibility**

ہماری مائی اسکولز ڈائریکٹری میں ہر اسکول یا پروگرام کے لیے تین میں سے ایک رسائی کی سطحوں کے لیبل ہونگے: مکمل قابلِ رسائی، جزوی قابلِ رسائی، یا ناقابل رسائی:

- **مکمل قابلِ رسائی** عمارت ایک ایسی عمارت ہے جو 1992 کے بعد تعمیر کی گئی ہو، جو ADA کے نقشے کے تمام مطلوبات کی تعمیل کرتی ہو، اور حرکت کرنے میں معذور افراد کو جس تک رسائی میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔
- **جزوی طور پر قابل رسائی** عمارتیں حرکت کرنے کی محدود استعداد رکھنے والے افراد کو عمارت میں داخل ہونے اور نکلنے، ان کے پروگراموں تک رسائی، اور کم سے کم ایک بیت الخلاء استعمال کرنے کی سہولت فراہم کرتی ہوں، لیکن ہو سکتا ہے کہ عمارت کے دیگر حصے قابل رسائی نہ ہوں۔

اگر آپ کے بچے کو ایک قابل رسائی اسکول کی ضرورت ہے تو ایسے اسکولوں میں درخواست دینا یقینی بنائیں جو آپ کے بچے کی رسائی کی ضروریات پوری کرسکتے ہوں۔ یہ ایک اچھی بات ہوگی کہ جس اسکول کو آپ کنڈرگارٹن درخواست میں درج کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، وہاں بذاتِ خود جائیں۔ اگر آپکے بچے کو ایک رسائی کی ضرورت کا حامل ہونے کا تعین کر لیا گیا ہے، DOE یہ یقینی بنائے گا کہ آپکے بچے کو کنڈرگارٹن کے لیے ایک قابلِ رسائی اسکول میں تقرری موصول ہو۔

## داخلے کے وسائل اور رابطے

ہماری ویب سائٹ پر جائیں: یہاں: **http://schools.nyc.gov/kindergarten**

اگر آپ کے کوئی سولات ہیں، یہاں ای میل کریں **ESenrollment@schools.nyc.gov** یا 718-935-2009 پر کال کریں۔

## چارٹر اسکولوں میں درخواست دینا

چارٹر اسکول مفت خود مختار پبلک اسکولز ہیں اور نیویارک شہر کے تمام بچوں کے لیے کھلے ہیں۔ چارٹر اسکولوں کے داخلہ اور درخواست کے طریقِہ کار DOE اسکولوں سے مختلف ہوتے ہیں۔ بیشتر چارٹر اسکولوں کی درخواست دینے کی آخری تاریخ بہار کے اوائل میں ہوتی ہیں۔

معذوری کے حامل طلبا چارٹر اسکولوں میں درخواست دے سکتے ہیں۔ چارٹر اسکولوں کو ایک طالب علم کی معذوری کی وجہ سے درخواست مسترد کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ چونکہ چارٹر اسکولوں میں داخلے کی منظوری کی کوئی ضمانت نہیں ہے اور کیونکہ انکے داخلے اور DOE کے داخلے کی تاریخیں مختلف اوقات میں ہیں، آپ کو DOE کنڈرگارٹن میں بھی ایک درخواست جمع کروانی چاہیئے۔ اگر چارٹر اسکول ایسی خدمات کی پیشکش کرتا ہے جو آپکے بچے کی ضروریات پوری کرتی ہیں لیکن آپکے بچے کے IEP کی تکمیل نہیں کرتیں تو اسکول مقامی کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) سے ایک نیا IEP اجلاس منعقد کرنے کا کہہ سکتا ہے، جس میں آپکو مدعو کیا جائے گا۔

چارٹر اسکولوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں **.https://www.schools.nyc.gov/enrollment/enroll-in-charter-schools/learn-about-charter-schools**





# 5 سال کا ہونے کا طریقئہ کار

DOE کنڈر گارٹن میں آپکے بچے کی خاص تعلیمی خدمات کی ضروریات پر غور کرنے کے لیے آپ کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ اسے "پانچ سال کا ہونا" (Turning 5) طریقئہ کار کہتے ہیں، اور آپ کا اس میں شامل ہونا اہم ہے۔ پانچ سال کا ہونا طریقِ کار کے دوران، DOE آپ کے بچے کے معاملے (کیس) کو کسی پبلک اسکول کی ٹیم یا ضلعی کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) کے دفتر کو تفویض کرے گا۔ یہ ٹیم آپ کے بچے کی فائل کا جائزہ لے گی اور طے کرے گی کہ آیا نئی تشخیصات کی ضرورت ہے۔ کسی بھی تشخیصات کے مکمل ہوجانے کے بعد، آپکو کنڈرگارٹن IEP اجلاس میں شرکت کے لیے مدعو کیا جائے گا، کیونکہ آپ کو اپنے بچے کی IEP ٹیم کا ایک رکن تصور کیا جاتا ہے۔

IEP اجلاس میں، IEP ٹیم یہ فیصلہ کرے گی کہ آیا آپ کا بچہ کنڈرگارٹن میں خاص تعلیمی خدمات موصول کرنے کا اہل ہے۔ اگر ایسا ہے، تو IEP ٹیم آپ کے بچے کے لیے ایک IEP تشکیل دے گی۔ IEP آپ کے بچے کے ان خاص تعلیمی پروگراموں اور متعلقہ خدمات کی وضاحت کرے گا جو آپ کا بچہ کنڈرگارٹن میں موصول کرے گا۔

IEP ٹیم کی جانب سے رابطہ ← نئی تشخیصات، (اگر قابل اطلاق ہو) ← طبی فارمز فراہم کریں، اگر قابلِ اطلاق ہو ← کنڈرگارٹن IEP اجلاس ← اسکول کے جائے وقوع کا خط وصول کریں

## IEP طریقِ کار کا آغاز کرنا

IEP طریقِ کار کا آغاز کرنے کے لیے آپ سے آپ کے بچے کے محکمئہ تعلیم (DOE) کنڈر گارٹن IEP ٹیم کے ذریعے رابطہ کیا جائے گا۔ **کنڈر گارٹن** اس IEP ٹیم سے ملتی جلتی ہے جو آپ کے بچے کے پری اسکول IEP کو تیار کرنے میں مدد کرتی ہے، لیکن یہ بالکل اس کے ہُو بہُو نہیں ہوتی ہے۔ اگر آپ کا بچہ اپنے پری اسکول کے گزشتہ سال کے آغاز سے پری اسکول خاص تعلیم خدمات موصول کر رہا ہے تو آپ خزاں میں ایک استقبالیہ پیکٹ موصول کریں گے اور آپ سے موسمِ سرما (جنوری تا مارچ) محکمئہ تعلیم IEP ٹیم کے ذریعے رابطہ کیا جائے گا۔ اگر آپ کا بچہ اپنے پری اسکول کے آخری سال میں پری اسکول خاص تعلیم تشخیص کے طریقِ کار کا آغاز کرتا ہے اور اس کے پاس اپنے پری اسکول کے آخری سال تک ایک پری اسکول IEP نہیں ہے تو آپ سے طریقِ کار مکمل ہوجانے بعد، عموماً موسمِ بہار یا موسمِ گرما (اپریل تا اگست) میں کنڈر گارٹن (کے آغاز) سے قبل رابطہ کیا جائے گا۔

جب محکمئہ تعلیم کنڈر گارٹن IEP ٹیم آپ سے رابطہ کرے گی تو یہ اپنا تعارف کروائیں گے اور آپ کو IEP طریقِ کار کے بارے میں بتائیں گے۔ محکمئہ تعلیم سے IEP طریقِ کار کے دوران اہلِ خانہ کو تحریر میں دستاویزات فراہم کرنا مطلوب ہے۔ پورے طریقِ کار کے دوران، آپ متعدد مختلف دستاویزات موصول کریں گے جن کو ماقبل تحریری نوٹس (PWNs) کہا جاتا ہے۔ آغاز کرنے کے لیے، آپ کی IEP ٹیم آپ کے ساتھ "تجاویز کا نوٹس" عنوان کے ساتھ ایک PWN کا اشتراک کرے گی۔ یہ PWN وضاحت کرتا ہے کہ محکمئہ تعلیم ایک مکرر تشخیص کرنے کی تجویز کر رہا ہے۔ مکرر تشخیص یہ تعین کرے گی کہ آیا آپ کا بچہ خاص تعلیم خدمات کے لیے بدستور اہل ہے اور اگر ایسا ہے تو یہ تعین کرنا کہ اگلے سال کنڈر گارٹن میں کونسی خدمات اس کی ضروریات کی تعمیل کریں گی۔ اس PWN میں آپ کی محکمئہ تعلیم کنڈرگارٹن IEP ٹیم کی رابطہ معلومات بھی شامل ہوں گی؛ اس میں عملے کے رکن کا نام اور فون نمبر شامل ہو گا۔ آخر میں، PWN میں آپ کے بچے کی تشخیص کرنے کے لیے آپ کی اجازت کی درخواست شامل ہو سکتی ہے۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کی محکمئہ تعلیم IEP ٹیم ایک DOE پبلک اسکول یا آپ کے برو میں کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) کے کسی دفتر میں کام کرتی ہو۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کے بچے کی IEP ٹیم کا جائے وقوع وہ مقام ہو جہاں آپ کا بچہ اسکول میں جائے گا جس میں یہ اگلے سال واقع ہوں گے۔ یہ محض وہ ٹیم ہے جو آپ کے ساتھ کنڈرگارٹن خاص تعلیم طریقِ کار پر کام کرے گی۔ آپ اور آپ کے بچے کا پری اسکول خاص تعلیم استاد اور متعلقہ خدمات فراہم کنندگان بھی IEP ٹیم کا حصہ ہیں۔

اگر آپ کے بچے کا ایک پری اسکول IEP ہے اور مارچ تک محکمئہ تعلیم کنڈر گارٹن IEP ٹیم نے آپ سے رابطہ نہیں کیا ہے تو آپ **turning5@schools.nyc.gov** پر ای میل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے بچے کو پری اسکول خاص تعلیم خدمات کے لیے اہل پایا جاتا ہے لیکن آپ نے خدمات کے لیے اجازت نہیں دی ہے یا آپ نے اپنی اجازت کو روک (واپس لے) لیا ہے تو کنڈرگارٹن IEP طریق کار کا اغاز کرنے کے لیے آپ سے موسمِ سرما (جنوری - مارچ) میں بھی رابطہ کیا جائے گا۔ جبکہ مذکورہ بالا میں ہر چیز ایسی ہی ہے، آپ ذرا مختلف PWN موصول کریں گے جس کا عنوان "حوالہ کا نوٹس" ہو گا۔ یہ خط اس بات کی وضاحت کرے گا کہ کنڈرگارٹن میں داخلے کے بعد آپ کے بچے کی خاص تعلیم خدمات کے لیے اہلیت کا تعین کرنے کے لیے محکمئہ تعلیم (آپ کی اجازت کے ساتھ) ایک ابتدائی تشخیص کی تجویز کرتا ہے۔

## نئی تشخیصات (اگر ضروری ہو)

DOE آپکے بچے کی فائل کا جائزہ لے گا بشمول آپ کے بچے کے پری اسکول اساتذہ اور متعلقہ خدمات فراہم کنندگان کی جانب سے تشخیصات اور پیشرفت کی رپورٹ۔ اس سے یہ تعین کرنے میں مدد ملے گی کہ کون سی نئی تشخیصات درکار ہو سکتی ہیں، اگر کوئی ہیں۔ اگر نئی تشخیصات درکار ہیں تو آپ کو ڈاک یا ای میل کے ذریعے اطلاع دی جائے گی۔ اگر نئی تشخیصات درکار ہیں تو آپ ایک خط یا ای میل موصول کریں گے جس میں آپ سے اجازت کی گزارش کی جائے گی۔ اگر آپ اجازت دیں گے، DOE آپکے بچے کی نئی تشخیصات انجام دے سکتا ہے، جس میں آپ کے بچے کے موجودہ پری اسکول میں اس کے کلاس روم میں مشاہدے شامل ہو سکتے ہیں۔

آپکو اپنی IEP ٹیم کو خط تحریر کرکے یا ای میل کرکے یہ گزارش کرنے کا بھی حق ہوگا کہ DOE دیگر مخصوص تشخیصات انجام دے اور DOE اس درخواست کا جائزہ لےگا۔ آپ اپنی IEP ٹیم کو اپنے بچے کی DOE سے باہر موصول کی گئی کوئی بھی تشخیصات رپورٹ یا دیگر دستاویزات بھی دے سکتے ہیں اگر آپ چاہتے ہیں کہ IEP ٹیم انہیں تشخیص میں شامل کرے۔ اگر آپکے پاس ایسی دیگر تشخیصات رپورٹس یا دستاویزات ہیں، براہِ مہربانی انہیں اپنی IEP ٹیم کو IEP کے اجلاس سے پہلے فراہم کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ آپ کے بچے کی ٹیم کے پاس ان دستاویزات کا جائزہ لینے اور غور کرنے کے لیے مناسب وقت ہو۔

اگر نئی تشخیصات منعقد کی جاتی ہیں تو آپکو IEP اجلاس سے قبل ان رپورٹس کی نقول فراہم کی جائیں گی۔

## IEP اجلاس سے قبل طبی فارمز فراہم کریں (اگر قابلِ اطلاق ہو)

اگر آپ کے بچے کو بوجہ ایک طبی / حرکت پذیری کی ضرورت، اسکول دن کے دوران دوائی یا علاج یا مخصوص ذرائع نقل و حمل درکار ہیں، آپ کو اپنی IEP ٹیم کو آپ کے بچے کے ڈاکٹر کے ذریعے مکمل کردہ دوائیاں دینے کا فارم اور / یا علاج کے آرڈر فارم فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ آپ کی IEP ٹیم آپ کو یہ پیکٹ فراہم کر سکتی ہے یا آپ انہیں **آن لائن** کی ویب ساٹ سے بھی حاصل کر سکتے ہیں: **https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/health-services**.

برائے مہربانی یہ فارمز جیسے ہی آپکے ڈاکٹر کے ذریعے مکمل ہوں انہیں اپنی IEP ٹیم کو دے دیں۔ نامکمل فارمز سے کارروائی میں تاخیر ہوگی اور یہ خدمات کے عمل کا آغاز کرنے میں تاخیر کرسکتے ہیں۔ برائے مہربانی اپنے ریکارڈز کی نقلیں اپنے پاس رکھیں۔
گرمیوں میں آپ کے بچے کے کنڈرگارٹن جانے سے پہلے، آپ کو نئے تعلیمی سال کے لیے تجدید شدہ طبی فارمز بھی جمع کرانے کی ضرورت ہوگی۔



## کرب (سڑک کے کنارے) سے اسکول تک (خاص) نقل و حمل کی سہولیات کے لیے نوٹ

DOE ان طلبا کو سڑک کے کنارے سے اسکول تک کی (خاص) ٹرانسپورٹ فراہم کرتا ہے جنکے **انفرادی تعلیمی پروگرامز** (IEPs) اس خدمت کی تجویز کرتے ہیں کیونکہ یہ طالب علم محفوظ انداز میں اسکول پیدل نہیں جا سکتے ہیں یا محفوظ طریقے سے اپنے والدین / سرپرست کے ساتھ عام نقل و حمل کے ذرائع میں سفر نہیں کر سکتے۔

سڑک کے کنارے سے اسکول تک کی بس وہ ہوتی ہے جو ایک طالب علم کو اسکے گھر سے نزدیک ترین محفوظ ترین سڑک کے کنارے سے اٹھائے اور انکے اسکول پہنچائے۔ IEPs کے حامل طلبا میں صرف وہ طلبا، جن کے **انفرادی تعلیمی پروگرام**، سڑک کے کنارے سے بس کی خدمات کی تجویز کرتے ہیں یہ سڑک کے کنارے سے اسکول تک نقل و حمل کے لیے اہل ہیں۔ سڑک کے کنارے سے اسکول تک کی بسوں کے عملے میں بس ڈرائیور اور ایک نگراں دونوں ہوتے ہیں۔

چند طلبا جو سڑک کے کنارے سے اسکول تک کی بس کی خدمت موصول کرتے ہیں، DOE طالب علم کی طبی ضروریات یا محدود حرکی استطاعت کے مطابق مطلوبہ سہولیات فراہم کریگا۔ ان میں اسکول نرس خدمات، پیشہ ور معاون یا اسکول بس میں سہولیات جیسے کار سیٹ، لفٹ یا ائرکنڈشنگ شامل ہوسکتی ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو ایسی کوئی خدمات یا سہولیات درکار ہیں، آپکو اپنی IEP ٹیم کو طبی دستاویزات IEP اجلاس سے جتنی پیشگی ممکن ہو سکے فراہم کرنے کی ضرورت ہے اور اگر منظوری مل جاتی ہے ان (خدمات) کو IEP میں شامل کرنا لازمی ہے تاکہ ان (خدمات) کو بس پر فراہم کیا جائے۔

سڑک کے کنارے سے بس کی خدمات موصول کرنے کے بارے میں سوالات کو طالبِ علم کے اسکول میں IEP ٹیم سے کیا جانا چاہیئے۔

## کنڈرگارٹن IEP اجلاس

آپ اس ملاقات سے کم از کم پانچ دن قبل ایک خط موصول کریں گے جس میں آپکے بچے کے **انفرادی تعلیمی پروگرام** (IEP) ملاقات کی تاریخ، وقت اور مقام شامل ہو گا۔

آپ کے بچے کا IEP اجلاس غالباً آپ کے بچے کے زون ایلیمنٹری اسکول میں منعقد ہوگا، سرما کے آخر سے شروع (کیونکہ متعدد T5 کیسز اپنے زون کے اسکولوں کو تفویض کیے جاتے ہیں)۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ کسی اسکول میں IEP اجلاس ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپکا بچہ اسی اسکول میں جائے گا۔

آپ، بطور والدین یا سرپرست، IEP ٹیم کے ایک **انتہائی اہم** رکن ہیں۔ دیگر IEP ٹیم اراکین بالمشافہ یا بذریعہ فون حصہ لے سکتے ہیں، اور اس میں ذیل افراد شامل ہوسکتے ہیں:

- **آپ کے بچے کے موجودہ اساتذہ اور متعلقہ خدمات فراہم کنندہ (کنندگان) کی شرکت کی انتہائی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔**
- اس اسکول سے ایک نمائندہ جس (اسکول) سے آپ کے بچے نے کنڈرگارٹن کے لیے ایک پیشکش موصول کی ہے
- ایک اسکول ماہرِ نفسیات
- آپکے بچے کے بارے میں علم یا خاص مہارت رکھنے والے دیگر افراد

اگر آپ انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولتے ہیں، اپنی IEP ٹیم کو اجلاس سے قبل بتائیے کہ آپ کو ایک مترجم درکار ہو گا اور DOE ایک مترجم فراہم کرے گا۔

ایک "والدین رکن" ایک ایسا والدین ہے جو ایسے دوسرے بچے کا ایک والدین ہے جسکے پاس ایک IEP تھا۔ آپ ایک والدین رکن کی اپنے بچے کے IEP اجلاس میں شرکت کی گزارش کرسکتے ہیں۔ آپ اسکول کے ڈاکٹر سے بھی اجلاس میں شرکت کی درخواست کرسکتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ایک والدین رکن یا ڈاکٹر IEP اجلاس میں شرکت کریں، آپ کے لیے اپنی IEP ٹیم کو اجلاس سے کم از کم 72 گھنٹے قبل **تحریری طور** پر درخواست کرنا لازمی ہے۔



## کنڈرگارٹن میں خاص تعلیم خدمات کے لیے اہلیت

کنڈرگارٹن کے **IEP** اجلاس میں IEP ٹیم ذیل کرے گی:

- یہ تعین کہ آیا آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن میں خاص تعلیم درکار ہے ("اہلیت")، اور اگر ایسا ہے تو،
- کنڈرگارٹن کے لیے IEP یا انفرادی تعلیمی خدمات منصوبہ (IESP) کی تشکیل۔

اگر آپ کا بچہ اہل نہیں، IEP ٹیم اس کی نشاندہی کے لیے کہ آپ کا بچہ اسکا اہل نہیں ہے یا "درجہ بندی ختم کرنے" کے کاغذات تیار کریگی۔

پری اسکول میں، IEP رکھنے والے ہر طالب علم کی نشاندہی (درجہ بندی) IEP میں "پری اسکول کا معذوری کا حامل طالب علم" کے طور پر کی جاتی ہے۔ اسکول عمر (کنڈرگارٹن اور اوپر) خاص تعلیم کے لیے، آپ کے بچے کا **ضمیمہ A** میں دیئے گئے 13 میں سے ایک معذوری کے درجہ بندی کی خصوصیات پر پورا اترنا لازمی ہے۔ درجہ بندی کو آپ کے بچے کے IEP یا IESP میں درج کر دیا جائے گا۔

## زمرہ ختم کرنا / نا اہل

اگر آپکے بچے کا ایک پری اسکول IEP ہے لیکن IEP ٹیم یہ تعین کرتی ہے کہ آپ کا بچہ کنڈر گارٹن میں خاص تعلیم خدمات موصول کرنے کا اہل نہیں ہے تو آپ کے بچے کے "زمرے کو ختم" کر دیا جائے گا۔ اگر آپ کے بچے کے زمرے کو ختم کر دیا جاتا ہے آپ کا بچہ کنڈرگارٹن کے لیے عام تعلیم کی کلاس میں داخل ہو گا۔ ایسی صورت میں ہوسکتا ہے IEP ٹیم آپکے بچے کے لیے خاص تعلیم کے بغیر پہلے سال کے دوران معاونتی خدمات تجویز کرے۔ ان میں "درجہ بندی ختم کرنے کی معاونتی خدمات" میں شامل ہوسکتی ہیں:

- تدریسی اعانت
- سہولیات
- یا متعلقہ خدمات، جیسے گویائی علاج یا صلاح کاری

اگر آپ کے بچے کے پاس ایک پری اسکول IEP نہیں ہے اور اس کی پہلی بار تشخیص کی جارہی ہے، اور IEP ٹیم کو یہ پتا لگتا ہے کہ آپ کا بچہ معذوری کی 13 درجہ بندیوں میں سے ایک پر بھی پورا نہیں اترتا، تو آپ کے بچے کو خاص تعلیمی خدمات کے لیے "نا اہل" قرار دے دیا جائے گا۔ ایسی صورت میں آپ کا بچہ کنڈرگارٹن کے لیے عام تعلیم کی کلاس میں داخل ہو گا۔

## کنڈرگارٹن انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)

اگر آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن میں خاص تعلیمی خدمات کی ضرورت ہے، ایک IEP تشکیل دیا جائے گا۔ IEP میں آپکے بچے کی تقویتوں، دلچسپیوں اور منفرد ضروریات کے متعلق معلومات شامل ہوں گی۔ IEP ٹیم اہداف قائم کرے گی یہ وضاحت کرتے ہوئے کہ کنڈرگارٹن میں آپ کا بچہ کن صلاحیتوں کو فروغ دینے پر کام کرے گا۔ اسکے بعد IEP ٹیم یہ فیصلہ کرے گی کہ آپکے بچے کو ان اہداف تک پہنچنے میں کونسی معاونتیں، خدمات اور اسکول ترتیب درکار ہیں۔ IEP اجلاس کے بعد IEP کی نقل یا تو آپکو دے دی جائے گی یا دو ہفتوں کے اندر بذریعہ ڈاک ارسال کردی جائے گی۔

## کنڈرگارٹن انفرادی تعلیمی خدمات منصوبہ (IESP)

اگر آپکا بچہ نیویارک شہر کے ایک نجی یا مذہبی اسکول میں درج ہوگا، وہ وہاں پر DOE کے ذریعے فراہم کردہ خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات موصول کرنے کا اہل ہوسکتا ہے۔ اگر آپ نے اپنے بچے کو نجی یا مذہبی اسکول میں بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے تو آپکو اپنی IEP ٹیم کو مطلع کرنا چاہئیے کہ آپ پبلک اسکول میں خاص تعلیم خدمات نہیں لینا چاہیں گے۔ اگر آپکا بچہ خاص تعلیم کا اہل ہے، IEP ٹیم ایک انفرادی تعلیمی خدمات منصوبہ (IESP) تیار کرے گی۔ IESP ان خاص تعلیم خدمات اور متعلقہ خدمات کی وضاحت کرے گا جو آپکے بچے کو ایک نجی یا مذہبی اسکول میں جانے پر فراہم کی جائیں گی۔ آپکو اپنی IEP ٹیم کو اس نجی یا مذہبی اسکول کا نام اور پتہ فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی جس میں آپکا بچہ جائیگا۔ اگر آپ کو علم نہیں ہے کہ آپ کا بچہ کس اسکول میں جائے گا تو پھر IEP ٹیم کو اسکے بجائے ایک IEP تشکیل دینا چاہیئے۔

اگر آپ نے اپنے بچے کو نیو یارک شہر سے **باہر** ایک اسکول میں بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے تو آپکو اپنی IPE ٹیم کو مطلع کرنا چاہیئے۔ وہ آپ کو اس اسکول ضلع سے رابطہ کرنے کی معلومات فراہم کرے گا جہاں یہ اسکول واقع ہے، اور وہ ضلع آپ کے ساتھ ایک منصوبہ تشکیل دینے کے لیے کام کرے گا اور کوئی بھی خاص تعلیم خدمات فراہم کرے گا۔

اگر آپکے لیے IESP تیار کرنے کے بعد کسی بھی وقت آپکے منصوبے تبدیل ہو جاتے ہیں اور آپ اپنے بچے کے لیے اس کے بجز ایک IEP کی اور ایک پبلک اسکول تقرری کی درخواست کرنا چاہتے ہیں، اپنی IEP ٹیم سے ایک نئے IEP اجلاس کی درخواست کے لیے رابطہ کریں۔

## اسکول کے جائے وقوع کا خط موصول کریں

آپ ایک گرین "اسکول کا جائے وقوع" خط ڈاک میں موصول کریں گے۔ آپ کو بہار کے آخر سے لے کر گرمیوں کے آخر کے درمیان اسے موصول ہونے کی توقع رکھنی چاہئیے۔ اس اطلاع میں آپ کے بچے کے IEP اور اس اسکول کی معلومات شامل ہوتی ہیں جو مجوزہ خاص تعلیم خدمات فراہم کرے گا — اسے "تقرری" (پلیسمینٹ) کہتے ہیں۔ آپ کو ایک اسکول کے جائے وقوع کا سبز رنگ کا خط صرف اسی وقت ملے گا اگر آپ کے بچے کو غیر خاص ضلع 1-32 یا خاص ضلع 75 اسکول کا حوالہ دیا گیا ہے۔

زیادہ تر طلبا کو ضلع 1-32 اسکول میں تقرری کا حوالہ مل جاتا ہے (**صفحہ 15 ملاحظہ کریں**). ذیل میں تین صورتیں ہیں کہ ضلع 1-32 اسکول میں آپ کے بچے کی تقرری کہاں ہوگی، اس پر منحصر کہ آپ نے درخواست کیسے دی ہے:

- اگر آپ نے کنڈرگارٹن کے لیے درخواست دی تھی، آپ کے بچے کو خدمات اس اسکول میں فراہم کی جائیں گی جس کی اسکو پیشکش کی گئی ہے اور جہاں اسکا ابتدائی اندراج ہوا ہے۔
- اگر آپ نے کنڈر گارٹن کے لیے درخواست نہیں دی تھی، آپ کے بچے کو اس ضلع کا اسکول تفویض کیا جائے گا جس میں آپ رہائش پذیر ہیں اور آپکے بچے کی خدمات وہاں مہیا کی جائیں گی۔
- اگر آپ کے بچے کو ایک "متخصص پروگرام" میں قبول کر لیا گیا ہے (جیسے ASD Horizon، ASD Nest، یا ACES)، آپ کے بچے کی ایسے اسکول میں تقرری کی جائے گی جو یہ پروگرام فراہم کرسکتا ہے (**صفحہ 16 ملاحظہ کریں**).

اگر آپ کے بچے کا IEP خاص (ضلع 75) اسکول کی تجویز کرتا ہے، آپ کے بچے کو ایک مناسب ضلع 75 کے اسکول میں تقرری ملے گی (**صفحہ 18 ملاحظہ کریں**).

اگر آپکے بچے کا IEP ریاست کے منظور شدہ، ریاست کے زیر اعانت، یا ریاست کے ذریعے چلائے جانے والے غیر پبلک اسکول کی تجویز کرتا ہے تو مجوزہ خدمات اس اسکول میں فراہم کی جائیں گی جہاں آپکے بچے کو قبول کیا گیا تھا (**صفحہ 21 ملاحظہ کریں**).

اگر آپکے بچے کو ایک قابلِ رسائی اسکول درکار ہے تو آپ کے بچے کو ایسے ہی اسکول میں تقرری کی پیشکش کی جائے گی۔



## اہل خانہ سے ملاقات

اسکول کے جائے وقوع کے سبز رنگ کے خط کی موصولی کے بعد، آپ کے بچے کے نئے اسکول کا عملہ آپ کو ایک "اہل خانہ سے ملاقات" کے لیے مدعو کر سکتا ہے اگر اس اسکول (کے عملے) نے آپ کے بچے کے کنڈرگارٹن IEP اجلاس میں شرکت نہیں کی تھی۔ یہ ملاقات آپکو اسکول کا دورہ کرنے، اسکول کے عملے کے ساتھ اپنے بچے کےIEP کا جائزہ لینے، اپنے بچے کے بارے میں معلومات بانٹنے، اور IEP میں تجویز کردہ خدمات کے بارے میں اپنے کوئی بھی سوالات پوچھنے کا موقع فراہم کرے گی۔ اہل خانہ سے ملاقات ایک غیر رسمی بات چیت ہوگی۔ اگر آپ فون پر رابطہ کرنے کو ترجیح دیتے ہیں یا بالکل ہی نہیں ملنا چاہتے، براہِ کرم اسکول کو مطلع کریں۔ اگر آپ اسکول آنا چاہتے ہیں یا اہل خانہ کی ملاقات چاہتے ہیں، آپ اسکول والدین ربط دہندہ یا پرنسپل سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

## 5 سال کا ہونا کے وسائل اور رابطے

کسی بھی سوالات یا تشویشات کے لیے اپنی IEP ٹیم سے رابطہ کریں۔ آپ کی IEP ٹیم آپ کی 5 سال کا ہونے کے طریقِ کار سے گزرنے میں مدد کرے گی۔ آپ کی IEP ٹیم کی رابطہ معلومات کو پانچ سال کا ہونے کے طریقِ کار کے آغاز میں بھیجے جانے والے تجاویز کے نوٹس (یا حوالہ نوٹس) میں پایا جا سکتا ہے۔ آپ "**مدد کیسے حاصل کی جا سکتی ہے**" کا بھی جائزہ لے سکتے ہیں **(صفحات 24-26 ملاحظہ کریں)**۔

آپ ہماری ویب سائٹ **http://schools.nyc.gov/Kindergartenspecialeducation** پر بھی جا سکتے ہیں۔

اگر آپ کے T5 طریقِ کار کے بارے میں دیگر کوئی سوالات ہوں، تو ذیل پر ای میل کریں۔ **Turning5@schools.nyc.gov** یا 718-935-2009 پر فون کریں۔

# ضلع 32-1 اسکولوں میں خاص تعلیمی خدمات

IEPs کے حامل زیادہ تر طلبا اسی اسکول میں جائیں گے جہاں وہ IEP کے نہ ہوتے ہوئے جاتے۔ ذیل میں بچوں کے لیے وہ تعلیمی پروگرام ہیں جن کو یہ ضلع 32-1 کے ایک اسکول میں موصول کر سکتے ہیں۔

## عام تعلیم بمع متعلقہ خدمات

آپ کے بچے کو اسی کلاس روم میں تعلیم دی جائے گی جس میں غیر معذور ہمسر طلبا ہوتے ہیں اور یہ اپنی متعلقہ خدمات (جیسے گویائی معالجہ یا مشاورت) اسی کلاس روم یا پھر کسی اور مقام پر موصول کرے گا۔ **صفحہ 19 دیکھیں** زیادہ تر عام متعلقہ خدمات کی وضاحت کے لیے.

## خاص تعلیم استاد کی معاونتی خدمات (SETSS) کے ساتھ عام تعلیم

آپ کے بچے کو غیر معذور طلبا کے ساتھ اسہی کلاس روم میں تعلیم دی جائے گی اور وہ ایک خاص تعلیم استاد سے معاونت موصول کریں گے۔ آپ کے بچے کا IEP ایک بلا واسطہ SETSS یا بلا واسطہ اور بالواسطہ SETSS کے امتزاج کی تجویز کرسکتا ہے۔

- **بلا واسطہ SETSS**: ایک خاص تعلیم استاد، اسکول دن کے کچھ حصے میں آٹھ بچوں تک کے ایک گروپ کو براہِ راست خاص طور پر تیار کردہ تعلیم دے گا۔ یہ عام تعلیم کلاس روم یا اسکول میں کہیں اور ہو سکتی ہے۔
- **بالواسطہ SETSS:** ایک خاص تعلیم استاد، عام کلاس روم استاد کے ساتھ مل کر طلبا کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے تدریسی ماحول کو موافق بنانے اور تدریس میں ترمیم کرنے کے لیے کام کرتا ہے۔



## ہم آہنگ باہمی تدریس (ICT)

ہم آہنگ باہمی تدریس (ICT) کلاسیں عام تعلیم کلاسیں ہوتی ہیں جو IEPs کے ساتھ یا بغیر IEPs کے طلبا دونوں کو خدمات فراہم کرتی ہیں۔ ایک کلاس میں 12 ( یا 40 فیصد) سے زیادہ طلبا کے پاس IEPs نہیں ہو سکتے۔ کلاس میں ہر وقت 2 استاد موجود ہوں گے — ایک عام تعلیم استاد اور ایک خاص تعلیم استاد۔ اساتذہ ایک ٹیم کے انداز میں کام کرتے ہیں، وہ اسباق کو موافق بنانے اور تدریس میں ترمیم کرنے پر ملکر کام کرتے ہیں تاکہ ساری کلاس کے حصہ لینے کو یقینی بنایا جا سکے۔

## خاص کلاس

ایک خاص کلاس میں تمام بچوں کے پاس IEP ہوتا ہے اور ان کی ایسی ضروریات ہوتی ہیں جو عام تعلیم کلاس روم میں پوری نہیں کی جاسکتی۔ ان کو ایک خاص تعلیم استاد تدریس دیتا ہے جو مخصوص تدریس فراہم کرتا ہے۔ ضلع 32-1 الیمنٹری اسکولوں کی خاص کلاسوں میں 12 تک طلبا ہوتے ہیں جنکی عمریں تین سال کی حد کے اندر ہوتی ہیں اور جنکی ایک جیسی تعلیمی ضروریات ہوتی ہیں۔ اس خاص کلاس میں معاون پیشہ ور اضافی مدد کے لیے شامل ہو سکتے ہیں۔ خاص کلاسوں کا حوالہ اکثر عملہ-اور-طالب علم کے تناسب میں دیا جاتا ہے:

- 12:1 (12 طلبا، ایک خاص تعلیم استاد)
- 12:1:1 (12 طلبا، ایک خاص تعلیم استاد، ایک کلاس روم معاون پیشہ ور)

# ضلع 32-1 اسکولوں میں مخصوص پروگرامز

مخصوص پروگرامز منفرد ڈیزائن کردہ کلاس روم ترتیبیں اور خدمات نمونے ہوتے ہیں۔ آپ کے بچے کی IEP ٹیم آپ کے بچے کے IEP اجلاس کے دوران مخصوص پروگراموں پر آپ کے ساتھ بات چیت کر سکتی ہے۔ چند مخصوص پروگراموں کے لیے، آپ کو ایک درخواست جمع کرانی ہو گی۔ اگر یہ تعین کیا جاتا ہے کہ آپ کے بچے کی ایک مخصوص پروگرام میں اعانت دی جا سکتی ہے، ہوسکتا ہے انھیں کنڈرگارٹن طریقِ کار کے ذریعے جس اسکول کی پیشکش کی گئی تھی اس سے مختلف اسکول میں داخلہ دیا جائے۔
مخصوص پروگراموں میں شامل ہیں:

### تعلیمی، طرز معاش اور اہم صلاحیتوں کا (ACES) پروگرام

ACES پروگرام ضلع 32-1 کے اسکول میں طلبا کو تعلیمات، کام اور زندگی گزارنے کی صلاحیتوں کو سیکھنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ ACES پروگرام کچھ طلبا کی چھوٹی کلاس ترتیب میں مدد کرتے ہیں جنکی بطور عقلی معذوری (ID) یا متعدد معذوریوں (MD) کے حامل درجہ بندی کی گئی ہے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ACES پروگرام آپ کے بچے کے لیے مناسب ہے، آپ مرکزی ACES ٹیم کے پاس کسی بھی وقت ایک درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ درخواستیں ہماری **ویب سائٹ پر پائی جا سکتی ہیں: https://www.schools.nyc.gov/special-education/school-settings/specialized-programs** یا اگر آپ ACES ٹیم سے ذیل پر رابطہ کریں اسے آپ کو ای میل کیا جا سکتا ہے **ACESprograms@schotols.nyc.gov**.

اسکول کا عملہ بھی درخواست کے عمل میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ ACES ٹیم آپ کے اور IEP ٹیم کے ساتھ مل کر کام کرے گی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ساری تشخیصات (درخواست دینے کے ایک سال اندر کی گئی ہیں) جدید ہیں۔ ستمبر میں کنڈر گارٹن میں داخل ہونے والے بچوں کے لیے، اہل خانہ یا اسکولوں کو مرکزی ACES ٹیم سے جتنا جلد ممکن ہو سکے رابطہ کرنا چاہیئے۔

### اؤٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر (ASD) پروگرامز

اؤٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر (ASD) نیسٹ اور ASD ہرائزن پروگرام خاص پروگرامز ہیں جو اؤٹزم کے حامل کچھ طلبا کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔ یہ ضلع 32-1 کے چند اسکولوں میں دستیاب ہیں۔ ہر پروگرام تعلیمی اور سماجی صلاحیتوں کی تعمیر کے لیے کام کرتا ہے۔

ASD **نیسٹ** پروگرام ضلع 32-1 کے چند خاص اسکولوں میں اوٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر کے حامل طلبا کو ایک قدرے چھوٹی ICT ترتیب فراہم کرتا ہے۔ زیادہ تر ASD نیسٹ طلبا یا تو گریڈ سطح پر ہیں یا متجاوز ہیں اور کچھ اوقات کے لیے خود مختارانہ انداز میں کام کر سکتے ہیں۔

ASD **ہرائزن** پروگرام ایک خاص کلاس ہے جو 8 تک طلبا، ایک خاص تعلیم استاد اور ایک معاون پیشہ ور پر مشتمل ہوتی ہے۔ ASD ہرائزن طلبا چند مضامین میں گریڈ سطح کے معیارات کی جانب پہنچ رہے ہونگے، کامیابی حاصل کرنے کے لیے چھوٹے گروہ میں تدریس یا دیگر معاونتیں اور ترامیم درکار ہونگی۔



اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ASD پروگرام آپ کے بچے کے لیے ٹھیک ہے، آپ ایک درخواست مرکزی ASD ٹیم کو کسی بھی وقت بھیج سکتے ہیں۔ درخواستیں ہماری **ویب سائٹ پر پائی جا سکتی ہیں: https://www.schools.nyc.gov/special-education/school-settings/specialized-programs** یا اگر آپ ASD ٹیم سے رابطہ کرتے ہیں تو اسے آپ کو ای میل کیا جا سکتا ہے. اسکول کا عملہ بھی درخواست کی کارروائی کے دوران آپ کی مدد کرے گا۔ ASD ٹیم آپ کے اور IEP ٹیم کے ساتھ مل کر کام کرے گی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ساری تشخیصات (درخواست دینے کے ایک سال اندر) حالیہ ہیں۔ ستمبر میں کنڈر گارٹن میں داخل ہونے والے بچوں کے لیے، اہل خانہ یا اسکولوں کو **ASDprograms@schools.nyc.gov** پر ای میل کرکے مرکزی ASD ٹیم سے جتنا جلد ہو سکے رابطہ کرنا چاہیئے۔



## دولسانی خاص تعلیم

دولسانی خاص تعلیم ان طلبا کے لیے پروگرام ہے جنکے انفرادی تعلیمی پروگرامز (IEPs)، مربوط باہمی تدریس (ICT) یا خاص کلاس (SC) ماحول میں انگریزی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں تعلیم دینے کی تجویز کرتے ہیں۔ یہ پروگرامز معذوری کے حامل کثیرالسانی متعلمین (MLLs) کی اعانت کرتے ہیں جو اپنی مانوس ثقافت اور زبان میں تدریس سے مستفید ہوتے ہیں۔ معلومات کو ذیل **ویب سائٹ پر پایا جاسکتا ہے: www.schools.nyc.gov/special-education/school-settings/specialized-programs** یا دولسانی خاص تعلیم وسائل کا رہنما کتابچہ برائے اہل خانہ ملاحظہ کریں جو اس ہی ویب سائٹ پر بھی پایا جا سکتا ہے۔

## مزید معلومات

ضلع 1-32 اسکولوں میں متخصص پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اور یہ معلومات کہ کیسے پتہ کریں کہ آپکا بچہ اہل ہے، متخصص پروگراموں کی **ویب سائٹ پر جائیں: https://www.schools.nyc.gov/special-education/school-settings/specialized-programs**
یا ای میل کریں: **specializedprograms@schools.nyc.gov**

# ضلع 75

ضلع 75 نمایاں مسابقتوں سے دوچار طلبا کے لیے انتہائی مخصوص تعلیمی معاونت فراہم کرتا ہے۔ ضلع 75 کے پروگرامز ایسی اسکول کی عمارتوں میں واقع خاص کلاسوں میں فراہم کیے جا سکتے ہیں جن کے پاس ضلع 1-32 کے اسکول بھی ہیں یا ان اسکول عمارتوں میں ہیں جہاں تمام طلبا کے پاس IEP ہوتا ہے۔ چند مخصوص ضلع 75 خدمات عام تعلیم کلاس روم میں بھی فراہم کی جا سکتی ہیں۔

## کنڈرگارٹن طلبا کو خدمات فراہم کرنے والی ضلع 75 کلاسوں میں شامل ہیں:

| خاص کلاس کا تناسب | تفصیل |
|---|---|
| **12:1:1**<br>• 12 طلبا<br>• ایک استاد<br>• ایک معاون پیشہ ور | تعلیم اور / یا طرزِ عمل کو منظم کرنے کی ضروریات والے طلبا کے لیے جو تدریسی طریقِ کار میں خلل اندازی پیدا کرتی ہیں اور جنکو اضافی بالغانہ اعانت اور متخصص تدریس درکار ہے۔ |
| **8:1:1**<br>• 8 طلبا<br>• ایک استاد<br>• ایک معاون پیشہ ور | ایسے طلبا کے لیے جنکی ضروریات شدید اور دیرینہ ہیں اور جنکو مسلسل، کڑی نگرانی، کافی زیادہ حد تک انفرادی توجہ، مداخلت اور طرزِ عمل کی منتظمی درکار ہو۔ |
| **6:1:1**<br>• 6 طلبا<br>• ایک استاد<br>• ایک معاون پیشہ ور | ایسے طلبا جنکی زیادہ تر یا تمام شعبوں میں بشمول تعلیم، سماجی اور / یا باہمی تعلقات کی نشو ونما، جسمانی نشو ونما اور انتظام و انصرام کی کافی شدید ضروریات ہوں۔ کلاسیں انتہائی عمیق انفرادی پروگرامنگ، مسلسل بالغانہ نگرانی، تمام کاموں میں مصروف رکھنے کے لیے ایک مخصوص طرزِ عمل کے انتظام کا پروگرام، اور ایک گویائی / زبان کے علاج کا پروگرام (جس میں ترقی پذیر/ متبادل ابلاغ شامل ہوسکتے ہیں) فراہم کرتی ہیں۔ |
| **12:1:4**<br>• 12 طلبا<br>• ایک استاد<br>• ہر تین طلبا کے لیے ایک معاون پیشہ ور | ایسے طلبا کے لیے جن کو مختلف نوع کی دشواریوں کے ساتھ شدید اور متعدد معذوریاں ہیں جس میں محدود لسانی، تعلیمی اور خودمختارانہ فعالیت شامل ہیں۔ کلاسیں ایک ایسا پروگرم فراہم کرتی ہیں جو متبادل تعلیم تک رسائی، روزمرہ زندگی کی صلاحیتوں کی تربیت، اظہار و ابلاغ کی صلاحیتوں کا فروغ، حسی تحریک اور معالجی مداخلتوں کے ساتھ ایک ترمیمی نصاب کی پابندی کرتا ہے۔ |

ضلع 75 نمایاں سماعتی اور بصری نقائص کے حامل طلبا کے لیے بھی خاص کلاس کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ تمام تر اسکول دن کے دوران مخصوص آلات اور خدمات کو استعمال کیا جاتا ہے۔ خدمات میں علمِ سماعت، امدادی ٹکنالوجی، اشاروں کی زبان کی ترجمانی، ماحول سے سازگاری اور حرکت کی خدمات اور بریل شامل ہیں۔

ہماری **ویب سائٹ پر جائیں:** اضافی معلومات اور پروگرام جائے وقوع کی فہرست کے لیے https://www.schools.nyc.gov/special-education/school-settings/district-75 یا 212-802-1500 پر کال کریں۔



# متعلقہ خدمات

آپکے بچے کا انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) متعلقہ خدمات تجویز کرسکتا ہے۔ متعلقہ خدمات کا مقصد ایک طالب علم کے تعلیمی اہداف کے حصول میں مدد کرنا ہے . آپ کے بچے کا IEP کلاس روم میں متعلقہ خدمات تجویز کر سکتا ہے جہاں متعلقہ خدمات فراہم کنندگان طلبا کو مدد فراہم کرنے کے لیے اساتذہ، معاون پیشہ وران، اور دیگر بالغان کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ یا، آپ کے بچے کا IEP متعلقہ خدمات اسکول کے دیگر مقامات پر فراہم کرنے کی تجویز کرسکتا ہے۔ آپ کے بچے کا IEP یک بہ یک یا چھوٹے گروپ میں متعلقہ خدمات کی تجویز کر سکتا ہے۔ متعلقہ خدمات کی مثالیں:

- **مشاورت:** اسکول میں طلبا کی سماجی اور جذباتی صلاحیتوں کو بہتر بنانے میں مدد کرتی ہے۔ اہداف اسکول میں مناسب طرزعمل اور ضبط نفس، ہمسر تعلقات اور اختلافات کا حل، اور خود اعتمادی کو بڑھانے پر کام کرتے ہیں۔
- **سماعتی تعلیمی خدمات:** ان طلبا کی ابلاغی صلاحیت کو بہتر بنانے میں مدد کرتا ہے جو بہرے ہیں یا جنہیں سماعتی معذوری ہے۔ اہداف لبوں کی حرکت سے زبان سمجھنے (جس کو لِپ ریڈنگ کہا جاتا ہے)، سماعتی تربیت (سننا) اور لسانی فروغ پر توجہ دے سکتے ہیں۔
- **ذہنی/جسمانی ورزش سے علاج:** طلبا کی تعلیم سے متعلقہ تمام سرگرمیوں سرگرمِ عمل ہونے میں مدد کرتا ہے، بشمول روز مرہ زندگی گزارنے کے لیے صلاحیتیں (جیسے کہ کھانا کھانا اور ذاتی نگہداشت) اور ذیل کے فروغ کے ذریعے سماجی صلاحیتوں کے:
  - لطیف عضلاتی حرکات کی صلاحیتیں (بازو، ہاتھ اور انگلیوں کو حرکت دینا)
  - بصری حرکتی صلاحیتیں (ہاتھوں - آنکھوں پر قابو)
  - حسیاتی سوچ سمجھ (حِسوں سے معلومات کو کس طرح استعمال کیا جائے)
  - عقلی افعالیت (مسائل حل کرنا، یاد داشت، توجہ دینے کی صلاحیتیں)
- **ماحول سے سازگاری اور حرکت سے متعلقہ خدمات:** بصری نقائص کے حامل طلبا کی انکے ماحول میں خبردار رہ کر اور اس میں حفاظت سے حرکت کرنے کی صلاحیت کو بہتر بنانے میں مدد کرتی ہیں۔
- **جسمانی علاج:** طلبا کو کلاس روم، جِم، کھیل کے میدان، بیت الخلاء، راہداریوں میں اور سیڑھیوں پر خودمختاری سے حرکت کرنے میں مدد کرتا ہے۔ جسمانی ورزش کے معالجین طلبا کی جسمانی صلاحیت کو بہتر کرنے میں مدد دیں گے جیسے:
  - کُل عضلاتی حرکات (Gross motor control) کی صلاحیتیں
  - حرکت کرنا (ایک سے دوسری جگہ حرکت کرنا)
  - توازن
  - منظم حرکات
- **اسکول نرس کی خدمات:** ان طلبا کو محفوظ رہنے اور اسکول میں حصہ لینے میں مدد کرتی ہیں جنکی صحت سے متعلقہ ضروریات ہیں۔
- **گویائی / لسانی علاج:** طلبا کی سننے اور بولنے کی صلاحیت کو بڑھانے میں مدد دیتا ہے۔ ان اہداف پر بات ہو سکتی ہے:
  - صوتیاتی صلاحیتیں (بولنے کی آوازیں منظم کرنا)
  - فہم (زبان کو سمجھنا)
  - تلفظ، (بولتے وقت صاف آواز کا بنانا)
  - سماجی زبان کی صلاحیتیں
- **بصری تعلیم کی خدمات:** ان طلبا کی بریل (Braille) استعمال کرنے میں مدد کرتا ہے جو نابینا ہیں یا جنہیں بصری نقائص ہیں۔

# دیگر پروگرامز اور خدمات

کچھ دیگر پروگرام اور خدمات جنکی طالب علم کی IEP میں تجویز دی جاسکتی ہے، ذیل میں واضح کیے گئے ہیں۔

## امدادی ٹکنالوجی کے آلات اور خدمات

ایک امدادی ٹکنالوجی (AT) آلہ کسی ساز و سامان، کسی شے یا نظام کا کوئی ایسا حصہ ہے جسے بچے کی فعالی اہلیت کو بڑھانے، برقرار رکھنے یا بہتر بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جیسے کہ اظہار و ابلاغ کے بورڈ، اظہار و ابلاغ کے آلات اور FM یونٹس اور کمپیوٹر یا ٹیبلٹ تک رسائی۔ امدادی ٹکنالوجی خدمات ان آلات کے کامیابی سے استعمال میں مدد فراہم کرتی ہے۔

## مطابقت پذیر جسمانی تعلیم

مطابقت پذیر جسمانی تعلیم (APE) نشوونما کی سرگرمیوں، کھیلوں، اسپورٹس اور رفتار کے لیے خاص طور پر تشکیل کیا گیا پروگرام ہے جس کی بنیاد معذوری کے حامل طلبا کی دلچسپیوں، قابلیتوں اور محدودیت پر ہے۔ اگر ان کی معذوری اسکول کے ایک باقاعدہ جسمانی تعلیم پروگرام میں محفوظ یا کامیاب شراکت میں حائل ہوگی IEP ٹیم آپکے بچے کے لیے APE کی تجویز کرے گی ۔

## توسیعی تعلیمی سال خدمات
## (12 ماہ خدمات)

توسیعی تعلیمی سال خدمات ان معذوری کے لیے حامل طلبا کے لیے فراہم کی جاتی ہیں جنہیں تعلیمی سال کے دوران حاصل کی گئی پیش رفت کو قائم رکھنے کے لیے گرمیوں میں خاص تعلیم درکار ہو۔

## گھر اور اسپتال میں تعلیم

گھر اور اسپتال میں تدریس کی تعلیمی خدمات ان طلبا کو فراہم کی جاتی ہے جن کی جذباتی یا طبی ضروریات ان کے اسکول میں شرکت کرنے میں رکاوٹ ہیں۔ انہیں اس وقت تک یہ سہولت ملتی ہے تاوقتکہ بچہ اسکول آنے کے قابل نہیں ہو جاتا یا ہسپتال سے فارغ نہیں ہو جاتا۔ ان کو اس بچے کے لیے بھی تجویز کیا جاسکتا ہے جو ایسی تقرری کا منتظر ہے جو ابھی تک دستیاب نہیں ہے۔



## معاون پیشہ ور کی خدمات

معاون پیشہ وران مددگار ہیں — اساتذہ نہیں — جو ان طلبا کے ساتھ کام کرتے ہیں جنکو اساتذہ اور خدمات فراہم کنندگان کی اعانت کے علاوہ بالغانہ اعانت درکار ہے۔ معاون پیشہ ور ایک پوری کلاس کو اعانت فراہم کرسکتے ہیں یا ایک وقت میں ایک یا زیادہ بچوں کے ساتھ کام کرسکتے ہیں۔ وہ بچوں کے ساتھ تمام تعلیمی دن یا اس کے ایک حصے کے لیے کام کرسکتے ہیں۔ معاون پیشہ ور طرزِ عمل کو منظم کرنے میں یا صحتیاتی ضروریات میں امداد فراہم کرسکتے ہیں۔ ان کو رخ بندی اور حرکت پذیری یا بیت الخلاء کی تربیت میں مدد کرنے کی بھی تجویز دی جاسکتی ہے۔

# تقرری کی دیگر تجاویز



وہ طلبا جن کی ضروریات ضلع 1-32 یا ضلع 75 کے اسکول میں پوری نہیں ہو سکتیں، وہ اس کے بجائے ذیل کی ترتیب میں سے ایک میں تقرری کی تجویز موصول کریں گے۔

## نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم (NYSED) سے منظور شدہ غیر پبلک اسکولز

نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم (NYSED) کے منظور شدہ اسکول ایسے غیر پبلک اسکول ہیں جو ان بچوں کے لیے پروگرام فراہم کرتے ہیں جنکی سنگین تعلیمی ضروریات کی پبلک اسکول پروگراموں میں تکمیل نہیں کی جا سکتی۔ NYSED کے منظور شدہ غیر پبلک اسکولوں میں صرف معذوری کے حامل طلبا درج ہوتے ہیں۔ NYSED کے منظور شدہ غیر پبلک اسکول، اسکول دن ("دن") یا دن میں 24 گھنٹے ("رہائشی") کے دورانیہ کے لیے فراہم کیے جا سکتے ہیں۔

NYSED کے منظور شدہ رہائشی اسکول ان بچوں کو خدمات فراہم کرتے ہیں جنکی تعلیمی ضروریات اتنی شدید ہیں کہ انکو 24 گھنٹے توجہ درکار ہوتی ہے۔ NYSED کے منظور شدہ رہائشی اسکول کلاس روم میں جامع پروگرامنگ اور ساتھ ہی دن میں 24 گھنٹے اسکول کی املاک پر ایک منظم حیاتی ماحول فراہم کرتے ہیں۔

اگر IEP ٹیم آپ کے بچے کے IEP میں ایک غیر پبلک اسکول تقرری کی تجویز کرتی ہے، یہ IEP ٹیم مرکز میں قائم معاونتی ٹیم (CBST) سے مدد مانگے گی۔ CBST محکمئہ تعلیم کا ایک دفتر ہے جو طلبا کو ریاست کے منظور شدہ غیر پبلک اسکولوں کے ساتھ میچ کرتا ہے۔ CBST کا کیس منیجر آپ کے بچے کے لیے غیر پبلک اسکول میں درخواست دے گا۔ آپ کو درخواست کے طریقِ کار میں حصہ لینا چاہیئے، جس میں انٹرویوز یا اسکول کے دیگر دورے شامل ہوسکتے ہیں۔

## نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم (NYSED) کے زیر اعانت اسکول

ریاست کے زیر اعانت اسکول (جن کو "4201 اسکولز" بھی کہا جاتا ہے) ان اہل بچوں کو کڑی خاص تعلیم خدمات فراہم کرتے ہیں جو بہرے، نابینا ہیں یا شدید معذوریوں سے دوچار ہیں۔ IEP ٹیم یہ فیصلہ کرے گی کہ آیا کسی بچے کو اس نوعیت کا پروگرام درکار ہے۔ کچھ ریاست کے زیرِ اعانت اسکول دن کے اسکول ہیں اور ان میں سے کچھ ان بچوں کے لیے ہفتے میں پانچ دن کی رہائشی نگہداشت فراہم کرتے ہیں جنکو 24 گھنٹے کی پروگرامنگ درکار ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ریاست کے زیر اعانت اسکول آپکے بچے کے لیے مناسب ہوسکتا ہے تو آپکی IEP ٹیم طریقِ کار میں آپکی مدد کر سکتی ہے۔

# پری اسکول سے منتقلی کے دوران والدین کے حقوق

کنڈرگارٹن میں داخل ہونے والے ایک طالب علم کے والدین کی حیثیت سے آپکو متعدد حقوق حاصل ہیں۔

- آپ کو IEP ٹیم کی جانب سے متعین کردہ نئی مطلوبہ تشخیصات کی منظوری کی اجازت دینے یا روک دینے کا حق حاصل ہے۔ تاہم، اگر آپ کے بچے کے پاس ایک پری اسکولIEP ہے اور IEP ٹیم آپ سے اجازت حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے اور آپ جواب نہیں دیتے، تشخیصات آپ کی اجازت کے بغیر انجام دی جا سکتی ہیں۔
- آپ کو اپنی IEP ٹیم کو تحریر کر کے مخصوص تشخیصات انجام دینے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو IEP ٹیم کو نجی طور پر منعقد کردہ تشخیصات رپورٹس کی نقلیں فراہم کرنے اورIEP ٹیم سے ان کا جائزہ لینے اور زیرِ غور لانے کی گزارش کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپکو اپنے بچے کی IEP ٹیم کا ایک مساوی رکن ہونے اور تمام IEP اجلاسوں میں حاضری کے ذریعے فیصلہ سازی میں پُرمعنی شراکت کا حق حاصل ہے۔
- آپکو فیصلہ سازی کے طریقِ کار میں مدد کے لیے اپنے بچے کے متعلق علم یا خاص مہارت رکھنے والے دیگر افراد کو IEP اجلاسوں میں شرکت کے لیے مدعو کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کو حق حاصل ہے کہ IEP اجلاسوں سے قبل اپنے بچے کی تشخیصات اور پیشرفت کی رپورٹ کی نقلیں حاصل کریں اور IEP اجلاس کے بعد دو ہفتوں کے اندر اپنے بچے کے IEP کی نقلیں موصول کریں۔
- آپکو یہ حق حاصل ہے کہ اگر آپ اپنے بچے کے متعلق کیے گئے فیصلوں سے متفق نہیں ہیں تو ایک اور IEP اجلاس، ثالثی، یا ایک غیرجانبدارانہ سماعت کی گزارش کریں، یا نیویارک ریاست کے پاس ایک نالش دائر کریں۔
- آپ کو IEP ٹیم کو ایک خط لکھ کر تمام خاص تعلیم پروگراموں اور متعلقہ خدمات کی اجازت کو کسی بھی وقت منسوخ کرنے (واپس لینے) کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ ایسا کرتے ہیں، تو آپ کے بچے کا تعلیمی ریکارڈ یہ ظاہر کرے گا کہ آپ کے بچے نے پری اسکول خاص تعلیمی خدمات موصول کی تھیں۔
- آپکو IEP اجلاسوں کے لیے ایک لسانی ترجمان کا حق ہے۔ آپ اپنی IEP ٹیم سے رابطہ کرکے اپنے بچے کے IEP کا ترجمہ، تشخیص کی رپورٹس یا اطلاع نامے یا اپنے بچے کے IEP سے متعلق اضافی ترجمانی کی معاونت بھی وصول کرسکتے ہیں۔
- آپ کو مخصوص اوقات کے دوران، خاص تعلیم تقرری اور خدمات کے متعلق اطلاع موصول کرنے کا حق حاصل ہے۔ ایک طالب علم کے لیے جو اس کیلنڈر سال میں 5 سال کا ہونے والا ہے اور جو اس خزاں میں کنڈرگارٹن میں داخل ہوگا:

| اگر ایک حوالہ موصول ہوتا ہے... | ...تقرری کی پیشکش ان تاریخوں تک کی جانی لازمی ہے: |
|---|---|
| 1 ستمبر سے 1 مارچ تک | **15 جون** |
| 2 مارچ سے 1 اپریل تک | **17 جولائی** |
| 2 اپریل سے 10 مئی تک | **15 اگست** |
| 11 مئی سے 31 اگست تک | **حوالے کی تاریخ سے 60 اسکول دن** |



اسکا مطلب یہ ہے کہ اگر آپکے بچے کے پاس مارچ سے قبل ایک پری اسکول IEP تھا، یا آپ نے مارچ سے قبل اپنے بچے کو خاص تعلیم تشخیص کے لیے حوالہ دیا تھا تو DOE کو ستمبر کے لیے خدمات و تقرری کے متعلق آپکو 15 جون تک آگاہ کرنا لازمی ہے۔ DOE آپکے بچے کو فراہم کی جانے والی خدمات کی نشاندہی کرے گا اور اس اسکول کا نام فراہم کرے گا جہاں آپکا بچہ یہ خدمات موصول کرے گا۔

- اگر آپکو مذکورہ بالا آخری تواریخ کے چند دنوں کے اندر تقرری کی پیشکش موصول نہیں ہوتی ہے براہِ مہربانی 311 کو کال کریں یا **Turning5@schools.nyc.gov** پر ای میل کریں۔ اگر IEP خاص کلاس کی تجویز کرتا ہے اور DOE مذکورہ بالا چارٹ کے گوشوارہ وقت کے اندر تجویز کردہ تقرری کی پیشکش نہیں کرتا ہے تو آپکو یہ حق حاصل ہو سکتا ہے کہ آپ ایک نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم کے منظور شدہ غیر پبلک اسکول کے ایک مناسب پروگرام میں اپنے بچے کو درج کروائیں جس کے لیے آپ کو کوئی ادائیگی نہیں کرنی ہو گی۔
- اگر آپ DOE کی انجام دی گئی تشخیص سے متفق نہیں ہیں آپ کو DOE کے ذریعے ادا کردہ ایک خودمختار تشخیص کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو اس درخواست کے بارے میں DOE کو تحریری اطلاع دینا لازمی ہے۔ DOE یا تو ایک خودمختار تشخیص کے لیے ادائیگی کرنے پر راضی ہو جائے گا یا یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ اس کی تشخیص کافی ہے ایک غیرجانبدارانہ سماعت کی درخواست دائر کرے گا۔
- اگر DOE نے ذیل کے جدول میں دیے گئے گوشوارہ وقت کے مطابق تشخیص (تشخیصات) مکمل نہیں کیں (ماسوائے تاخیر کے لیے DOE ذمہ دار نہیں تھا)، آپکو DOE کے ذریعے ادائیگی کردہ ایک خودمختارانہ تشخیص کا حق حاصل ہے۔

| اگر اس تاریخ تک ایک مکرر تشخیص کی درخواست موصول ہوتی ہے بتاریخ... | ...تو اس تشخیص کو ذیل تک مکمل کردیا جانا چاہئے: |
|---|---|
| 1 ستمبر سے 1 مارچ تک | **1 جون** |
| 2 مارچ سے 1 اپریل تک | **3 جولائی** |
| 2 اپریل سے 10 مئی تک | **2 اگست** |
| 11 مئی سے 31 اگست تک | **حوالے کی تاریخ سے 60 اسکول دن** |

معذوری کے حامل طلبا کے والدین کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ہمارا **خاندانی رہنما کتابچہ برائے اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے خاص تعلیم خدمات** ملاحظہ کریں جو **آن لائن https://schools.nyc.gov/special-education/help/contacts-and-resources** پر دستیاب ہے اور نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم کا تحفظاتی طریقِ کار کی اطلاع: *3-21* **سال کی عمر کے معذوری کے حامل بچوں کے والدین کے حقوق (خاندان کے حقوق کا بیانیہ) جو آن لائن https://schools.nyc.gov/special-education/help/your-rights** پر دستیاب ہے۔ دونوں دستاویزات اسکولوں میں بھی دستیاب ہیں۔

# مدد کیسے حاصل کی جائے

## آپکی محکمئہ تعلیم (DOE) انفرادی تعلیم منصوبہ (IEP) ٹیم

سوالات؟ ایک اسکول یا دفتر برائے خاص تعلیم کمیٹی (CSE) سے ایک نمائندہ اسکول کی عمر کی خاص تعلیم خدمات میں منتقلی کے دوران آپ کے بچے کی مدد کرے گا۔ یہ وہ فرد ہے جس سے آپکو سوالات یا تشویشات کے لیے سب سے پہلے رابطہ کرنا چاہیئے۔ 5 سال کا ہونا طریقِ کار کے شروع ہونے پر بھیجے جانے والے حوالے کی اطلاع (PWN) میں آپ کی IEP ٹیم کا نام بھی درج ہو گا۔

## اضافی امداد

اگر آپکو کوئی مسئلہ درپیش ہوتا ہے جسے آپکی IEP ٹیم یا CSE ضلعی دفتر حل نہ کرسکیں تو آپ 311 فون کرکے یا **Turning5@schools.nyc.gov پر ای میل کر کے مزید مدد کی گزارش کر سکتے ہیں۔**

براہِ کرم ذیلی معلومات فراہم کریں:

- اپنے بچے کا نام، تاریخِ پیدائش، اور NYC ID
- اسکول کا نام اور نمبر یا CSE جس نے آپ کو معلومات ارسال کی تھی، یا جس نے IEP اجلاس منعقد کیا گیا تھا
- آپ کے تحفظات کی ایک مختصر وضاحت

آپ مدد کے لیے ذیل میں درج تنظیموں سے بھی رجوع کرسکتے ہیں۔

### خاص تعلیم والدین کے مراکز

نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم کے سرمایہ کردہ خاص تعلیم والدین کے لیے مراکز، معذوری کے حامل بچوں کے خاندانوں کو معلومات اور وسائل فراہم کرتے ہیں۔

**INCLUDEnyc**

116 East 16th Street, 5th Floor
New York, NY 10003
212-677-4660 (انگریزی)
212-677-4668 (ہسپانوی)
**ویب**: **www.includenyc.org**
برونکس، بروکلن، مین ہیٹن اور کوئینز میں خدمت انجام دیتا ہے (اس کے علاوہ ایک شہرپیما تربیت برائے والدین اور معلوماتی مرکز کے طور پر بھی کام کرتا ہے)

**Parent to Parent of NY State**

Institute for Basic Research
1050 Forest Hill Road
Staten Island, NY 10314
(718) 494-4872
**ویب**: **http://parenttoparentnys.org/offices/Staten-Island/**
**اسٹیٹن آئلینڈ کو خدمات فراہم کرتا ہے**

### والدین کی تربیت اور معلوماتی مراکز (PTICs)

PTICs کو ریاستہائے متحدہ محکمئہ تعلیم کے دفتر برائے خاص تعلیم پروگرامز کے ذریعے معذوری کے حامل بچوں کے خاندانوں کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے سرمایہ فراہم کیا جاتا ہے۔

**نیو یارک کے بچوں کے حمایتی**

151 West 30th Street, 5th Floor
New York, NY 10001
ہیلپ لائن: 866-427-6033
**ویب**: **www.advocatesforchildren.org**

**Sinergia/Metropolitan والدینی مرکز**

2082 Lexington Avenue 4th Floor
New York, NY 10035
212-643-2840
**ویب** : www.sinergiany.org

# ضمیمہ A: معذوری کی درجہ بندیاں

گریڈز کنڈرگارٹن تا 12 کا طالب علم خاص تعلیم خدمات کا اہل ہے اگر وہ ذیل میں درج کردہ معذوری کے کسی ایک یا اس سے زائد زمروں کے معیار پر پورا اترتا ہے اور اس وجہ سے اس کو خاص تعلیم خدمات اور متعلقہ خدمات درکار ہیں۔

مزید معلومات نیویارک ریاست کمشنر برائے تعلیم کے ضوابط میں پائی جاسکتی ہیں: **www.p12.NYSED.gov/specialed/lawsregs/documents/regulations-part-200-201-oct-2016.pdf**

| معذوری کی درجہ بندی | تفصیل |
|---|---|
| **آٹیزم** | ایک نشو و نما سے متعلق معذوری، زیادہ تر بچے کی سماجی اور ابلاغی صلاحیتوں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ طرزِعمل پر بھی اثرانداز ہوسکتی ہے اور علامتوں کے ایک وسیع دائرے پر محیط ہے۔ |
| **بہرہ پن** | ایک سماعتی معذوری کا حامل طالب علم زیادہ تر یا سب آوازوں کو، یہاں تک کہ ایک سماعتی آلے کے ساتھ بھی سننے سے قاصر ہوتا ہے۔ |
| **بہرہ - نابینا پن** | شدید سماعتی اور بصری معذوری دونوں کا حامل ایک طالب علم۔ ابلاغی اور دیگر نشو ونمائی اور تعلیمی ضروریات اتنی منفرد ہوتی ہیں کہ بہرے پن یا نابینا پن کے حامل طلبا کے لیے پروگرامز انکی ضروریات کی تکمیل نہیں کرسکتے ہیں۔ |
| **جذباتی اضطراب** | ایک طالب علم جو طویل عرصے تک اور ایک سطح تک ذیل میں سے ایک یا اس سے زائد خصوصیات کا مظاہرہ کرے اور جو طالب علم کی تعلیمی کارکردگی کو شدید انداز میں متاثر کرے:<br>• سیکھنے کی نا اہلی جس کو عقلی، حسی اور طبی عناصر کے ذریعے بیان نہ کیا جا سکے<br>• ہمسروں اور اساتذہ کے ساتھ تسلی بخش باہمی تعلقات قائم کرنے اور ان کو برقرار رکھنے کی نا اہلی<br>• معمول کی صورت حال میں نامناسب قسم کے طرز عمل یا احساسات<br>• ایک عموماً ناخوش یا پژمردگی کی طبیعت<br>• ذاتی یا اسکول کے مسائل سے متعلق جسمانی علامات یا خوف پیدا ہونے کا رجحان۔ |
| **سماعتی نقائص** | سماعتی نقائص کا حامل طالب علم جو بہرے پن کی وضاحت میں نہیں آتا ہے۔ سماعتی قوت کو کھو دینے کی یہ قسم وقت کے ساتھ تبدیل ہوسکتی ہے۔ |
| **عقلی معذوری** | عقلی صلاحیتوں اور مطابقت پذیر (زندگی کی) صلاحیتوں میں اوسط سطح سے کافی نیچے طالب علم<br>ایک طالب علم میں کمزور ابلاغی، اپنی دیکھ بھال اور سماجی صلاحیتیں بھی ہو سکتی ہیں۔ |
| **سیکھنے کی معذوری** | یہ ایک وسیع اصطلاح ہے جو ان تعلیمی مسابقتوں کا احاطہ کرتی ہے جو طالب علم کی مطالعے، تحریر، سننے، بولنے، استدلال یا ریاضی کرنے کی اہلیت پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ |
| **متعدد معذوریاں** | ایک سے زیادہ معذوریوں کا حامل ایک طالب علم جو ایسی تعلیمی ضروریات پیدا کرتی ہیں جنہیں کسی ایک معذوری کے لیے تشکیل کردہ پروگرام میں پورا نہیں کیا جاسکتا۔ |
| **ہڈیوں میں نقائص** | ہڈیوں میں نقائص کا مطلب ہے کہ طالب علم کے جسم میں فعالیت یا صلاحیت کی کمی ہے؛ مثلاً، دماغی فالج (cerebral palsy) |
| **دیگر طبی نقائص** | یہ ایک وسیع اصطلاح ہے جو ان صورتوں کا احاطہ کرتی ہے جو طالب علم کی قوت، توانائی یا چوکنے پن کو محدود کرتی ہیں۔ ایک مثال ADHD ہے جو توجہ پر اثر انداز ہوتی ہے |
| **گویائی یا لسانی نقائص** | ایک ابلاغی معذوری کا حامل طالب علم، جیسے ہکلانہ، صحیح قوتِ گفتار کے نقائص، ایک لسانی نقص یا آواز کے نقائص جو کسی طالب علم کے لیے الفاظ کو سمجھنے یا ان کے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کو مشکل بناتی ہے۔ |
| **خطرناک صدمہ سے دماغی چوٹ** | کسی حادثے یا کسی قسم کی جسمانی قوت کی وجہ سے لگی ہوئی ایک ذہنی چوٹ کا حامل طالب علم۔ |
| **بصری نقائص** | ایسا طالب علم جس کی آنکھوں کی بینائی اسکی تعلیمی کارکردگی پر اثر انداز ہوتی ہو۔ کوئی بھی بصری مسئلہ جو عینک سے ٹھیک نہ کیا جاسکے، بشمول جزوی بینائی اور نابینا پن۔ |

# ضمیمہ B: ویب سائٹس اور رابطہ معلومات

## اہم DOE ویب سائٹس اور رابطے

ذیل میں DOE کی ویب سائٹس اور دیگر رابطے کی معلومات درج ہیں جو آپ کے لیے فائدہ مند ہو سکتی ہیں۔

### نیو یارک شہر (NYC) محکمۂ تعلیم

ویب سائٹ: **www.schools.nyc.gov**

### کنڈرگارٹن داخلہ طریقِ کار

ویب سائٹ: **schools.nyc.gov/Kindergarten**

ای میل: **ESenrollment@schools.nyc.gov**

فون: 718-935-2009

تازہ ترین معلومات کے لیے سبسکرائب کریں: **www.schools.nyc.gov/subscribe**

اسکولوں کو تلاش کریں: **www.schools.nyc.gov/find-a-school**

### خاص تعلیم

ویب سائٹ: **www.schools.nyc.gov/specialeducation**

ای میل: **specialeducation@schools.nyc.gov**

ہاٹ لائن: 718-935-2007

### 5 سال کا ہونے کا طریقِ کار

ویب سائٹ: **https://www.schools.nyc.gov/special-education/preschool-to-age-21/moving-to-Kindergarten**

ای میل: **Turning5@schools.nyc.gov**

### ضلع 75

ویب سائٹ: **www.schools.nyc.gov/special-education/school-settings/district-75**

ای میل: **D75info@schools.nyc.gov**

فون نمبر: 212-802-1500

### مخصوص پروگرامز

ویب سائٹ: **www.schools.nyc.gov/special-education/school-settings/specialized-programs**

ای میل:

- ACES: **ACESPrograms@schools.nyc.gov**
- ASD NEST/Horizon: **ASDprograms@schools.nyc.gov**
- دولسانی خاص تعلیم: **BSEprograms@schools.nyc.gov**

### ذیل میں دیئے گئے موضوعات کی معلومات کے لیے، براہ کرم متعلقہ ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے:

- قابلِ رسائی اسکول: **www.schools.nyc.gov/Offices/OSP/Accessibility**
  - قابل رسائی اسکولوں کی ایک فہرست کے لیے مندرجہ بالا ویب سائٹ پر 'قابل رسائی اسکولز' کے نیچے دیکھیں
- چارٹر اسکولز: **www.schools.nyc.gov/community/charters**
  - اسکول صحت فارمز: **https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/health-services**
- نقل و حمل خدمات: **https://www.schools.nyc.gov/school-life/transportation/transportation-overview**

Department of
Education

SCHOOLS.NYC.GOV/KINDERGARTENSPECIALEDUCATION
شعبہ برائے مخصوص تدریس و طالب علم معاونت
333 7th Avenue, New York, NY 10001

T-34691 (Urdu)